6 آپ کی اجابت کا نمونہ اکٹھا کرنے کے لیے سہل مراحل

6 simple steps to collect your bowel motion sample (Urdu)

آپ کے ڈاکٹر نے آپ کو، qFIT نامی، ایک بہت ہی سہل اور فوری جانچ کرنے کے لیے کہا ہے، کیوں کہ آپ کو پیٹ اور آنت سے متعلق پریشانیاں پیش آرہی ہیں جن کی جانچ کیے جانے کی ضرورت ہے۔

آپ یہ جانچ گھر پر کر سکتے ہیں اور آپ کو اجابت (پاخانہ) کا ایک نمونہ حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی جس کی جانچ کی جائے گی تاکہ آپ کا ڈاکٹر صلاح دے سکے کہ آگے کیا کرنا ہے۔

مرحلہ 1 تیار ہونا

آپ کو جانچ کٹ نیز اس ٹوائلیٹ پیپر کی ضرورت ہوگی جو ٹوائلیٹ میں جاتا ہے یا نمونہ رکھنے کے لیے ایک صاف ظرف کی ضرورت ہوگی۔

مرحلہ 2 نمونہ کس طرح لیں

یہ اہم ہے کہ آپ کے نمونہ میں ٹوائلیٹ کا پانی نہ لگنے پائے۔

آپ ایسا درج ذیل کے ذریعہ کر سکتے ہیں:

- ٹوائلیٹ باول میں تہہ کیے ہوئے ٹوائلیٹ پیپر کی کئی تہیں رکھ کر (شکل دیکھیں)
- یا اسے ایک صاف ظرف میں اکٹھا کرکے۔

اگر آپ کے نمونے میں پانی لگ جاتا ہے تو برائے مہربانی اسے اپنی جانچ کے لیے نہ استعمال کریں، بلکہ جب آپ کو اگلی بار قضائے حاجت کی ضرورت ہو تو دوبارہ کوشش کریں۔

/ دوسری طرف دیکھیں

مرحلہ 3   نمونہ اکٹھا کرنا



کٹ کے ڈھکن کو گھڑی کے مخالف سمت میں گھماتے ہوئے اسے کھولیں، اور تیلی کے سرے کو نمونے پر پھیریں۔

مرحلہ 4   یقینی بنانا کہ آپ نے صحیح طریقہ سے نمونہ اکٹھا کیا ہے

یقینی بنائیں کہ صرف تیلی کے سرے پر نمونہ لگا ہوا ہو (تیلی کے بقیہ حصہ پر لگنے سے گریز کریں)۔ ایک بار جب آپ ایسا کر لیں تو تیلی کو واپس ٹیوب میں رکھ دیں اور اسے سختی سے بند کرنے کے لیے گھڑی کی سمت میں گھمائیں۔ ایسا صرف ایک بار کریں۔



اگر نمونہ کا کچھ بھی حصہ کٹ کے باہر لگ جاتا ہے تو تجربہ گاہیں یہ جانچ کرنے سے قاصر ہوں گی۔

اگر آپ کے ساتھ ایسا ہوتا ہے تو برائے مہربانی دوسری کٹ کے لیے اپنی جی پی سرجری سے رابطہ کریں اور دوبارہ شروع کریں۔



مرحلہ 5

سبز بیگ پر لگی ہوئی چٹ پر وہ تاریخ لکھیں جس میں نمونہ لیا گیا تھا۔

مرحلہ 6

کٹ کو واپس پلاسٹک کے اس سبز بیگ میں ڈالیں جو فراہم کیا گیا ہے اور اسے دبا کر بند کر دیں۔ اسے جتنی جلدی ممکن ہو (جانچ کٹ دئے جانے کے 7 دن کے اندر) اپنی جی پی سرجری کو واپس لوٹا دیں۔

اگر آپ اس جانچ سے متعلق کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی اپنی جی پی سرجری سے رابطہ کریں۔